## ایم کیوایم خرید وفروخت،لوٹ کھسوٹ اور پیسے کی سیاست کے خلاف ہے یہی اس کا سب سے بڑا جرم ہے۔الطاف حسین

## ہم صرف زبان سے انقلاب کی باتیں نہیں کرتے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کیلئے عملاً جدوجہد کررہے ہیں

## ایم کیوایم کسی ایک خاندان کی نہیں عوام کی جماعت ہے،اس کی قیادت ملک کولوٹنے والے مراعات یافتہ طبقہ سے نہیں بلکہ ملک کو بنانے والی مڈل کلاس سے تعلق رکھتی ہے

## اوورسیز پاکستانیوں کوانتخابات میں حصہ لینے کاحق دلوانے کیلئے کوشاں ہیں۔الطاف حسین

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اجلاس سے خطاب۔اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور پاکستان اور امریکہ سے آئے ہوئے تنظیمی ذمہ داران کی شرکت

لندن۔۔۔12مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم خرید وفروخت،لوٹ کھسوٹ اور پیسے کی سیاست کے خلاف ہے اور یہی اس کا سب سے بڑا جرم ہے ۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور پاکستان اورامریکہ سے آئے ہوئے تنظیمی ذمہ دارموجود تھے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم صرف زبان سے انقلاب کی باتیں نہیں کرتے بلکہ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب کیلئے عملاً جدوجہد کررہے ہیں۔ایم کیوایم کسی ایک خاندان کی نہیں عوام کی جماعت ہے،اس کی قیادت ملک کولوٹنے والے مراعات یافتہ طبقہ سے نہیں بلکہ ملک کو بنانے والی مڈل کلاس سے تعلق رکھتی ہے۔ملک کے محروم ومظلوم عوام نے اچھی طرح سمجھ لیاہے کہ ملک میں اگرکوئی جماعت تبدیلی لاسکتی ہے تو وہ صرف ایم کیوایم ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے کراچی میں خواتین کا تاریخی جلسہ عام منعقدکرکے پورے ملک کی خواتین کو یہ پیغام دیاہے کہ وہ اپنے حقوق کیلئے میدان عمل میں آئیں اورخواتین کوووٹ ڈالنے کے حق سے محروم رکھنے والوں کومسترد کردیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ کراچی کے بعدلاہور میں آئندہ ماہ ہونے والاخواتین کا جلسہ بھی شاندار ہوگا۔اس موقع پرایم کیوایم نارتھ امریکہ کے پیٹرن عبادالرحمٰن نے جناب الطاف حسین کونارتھ امریکہ میں ایم کیوایم کی تنظیمی کارکردگی سے آگاہ کیا۔انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں کو پاکستان میں انتخابات میں حصہ لینے پر پابندی عائد کئے جانے سے امریکہ وکینیڈا میں مقیم پاکستانیوں میں پائی جانے والی بے چینی سے بھی آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی معاشی تعمیر وترقی میں اوورسیز پاکستانیوں کے کردار کونظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ایم کیوایم کے نمائندوں کی کوششوں سے اوورسیز پاکستانیوں کوووٹ کاحق مل گیاہے اور وہ اب اوورسیز پاکستانیوں کوانتخابات میں حصہ لینے کاحق دلوانے کیلئے بھی کوشاں ہے۔

## ملک بھرکےعوام اپنے بچوں کو پولیو کے مرض سے بچاؤ کیلئے پولیوویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔12،مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھرکےعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم سے بھرپوراستفادہ کریں اوراپنے بچوں کو پولیو کے مرض سے بچانے کیلئے پولیوویکسین کے قطرے لازمی پلوائیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پولیوایک خطرناک مرض ہے اوراس مرض سے بچاؤ کیلئے والدین پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔والدین کی ذراسی غفلت ان کے بچوں کوعمربھر کے کیلئے معذور کرسکتی ہے۔جناب الطاف حسین نے ملک بھرکےعوام سے اپیل کی کہ وہ پاکستان سے پولیو کے مرض کے خاتمے کیلئے 12،13اور14مارچ شروع کی گئی انسداد پولیومہم میں اپنا بھرپور کردارادا کریں اوراپنے بچوں کو پولیوویکسین کے قطرے پلواکرمعذور ہونے سے بچائیں۔

## سینیٹ کے نومنتخب چیئر مین اور ڈپٹی چیئر مین کے بلا مقابلہ انتخاب پر الطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔12، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایوان بالا سینیٹ کے نومنتخب چیئر مین اور ڈپٹی چیئر مین کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے نومنتخب چیئر مین سینیٹ نیر بخاری اور ڈپٹی چیئر مین سینیٹ صابر بلوچ کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں وکارکنوں کو بھی دلی مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب چیئر مین اور ڈپٹی چیئر مین سینیٹ قانون سازی کیلئے معزز ایوان کے تمام اراکین کو ساتھ لیکر چلیں گے اور ایوان کی کارروائی چلانے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لعل واسوانی کے ترقیاتی فنڈز سے اعظم ٹاؤن میں تعمیر کئے گئے ''یونیورسل گاسپل آف گاڈ چرچ'' کا افتتاح کردیا گیا

### پاکستان کی تاریخ میں کسی ہندو یا کرسچن ایم این اے کا فنڈز مندر اور چرچ کی تعمیر پر خرچ نہیں ہوا ہے، چرچ کی تعمیر اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب الطاف حسین بلاتفریق انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، منوہر لعل واسوانی

### چرچ کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی:۔۔۔۔12مارچ،2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لعل واسوانی کے ترقیاتی فنڈز سے جمشید ٹاؤن کے علاقے اعظم ٹاؤن میں تعمیر کئے گئے ''یونیورسل گاسپل آف گاڈ چرچ'' کا افتتاح کردیا گیا۔اس چرچ کی تعمیر پر 21 لاکھ روپے لاگت آئی ہے اور حق پرست رکن قومی اسمبلی کے ترقیاتی فنڈز سے چرچ کی تعمیر کے عمل کو بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کیلئے مثالی کام قرار دیا گیا ہے۔ ''یونیورسل گاسپل آف گاڈ چرچ'' کی افتتاحی تقریب ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت اعظم ٹاؤن میں منعقد ہوئی جس میں دعائیہ اجتماع کے بعد حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لعل واسوانی نے چرچ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے منوہر لعل واسوانی نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں کسی ہندو یا کرسچن ایم این اے کا فنڈ مندر اور چرچ پر خرچ نہیں ہوا ہے اور آج جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ان کے منتخب ایم این اے کے فنڈز سے چرچ کی تعمیر اور اس کا افتتاح اس بات کا ثبوت ہے کہ جناب الطاف حسین بلاتفریق رنگ ونسل، زبان ومذہب انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک ایسا گلدستہ ہے جس میں ہر رنگ ونسل اور مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ شامل ہیں اور ایم کیو ایم ملک کی واحد جماعت ہے جو بلاتفریق رنگ، نسل اور مذہب صرف انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔اس موقع پر شعبہ اقلیتی امور کے جوائنٹ انچارج گوسوامی وجے مہاراج، کمیٹی ممبران پطرس یوسف اور عارف بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں ترقیاتی عمل جمود کا شکار ہے مگر حق پرست نمائندے عوام کو ہر ممکنہ طریقوں سے آسانیاں اور خوشحالی مہیا کرنے کی جدوجہد میں مصروف ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تربیت اور وژن کی بدولت کراچی میں ترقیاتی عمل جاری ہے، اس چرچ کا افتتاح اس بات کو ثابت کرنے کیلئے کافی ہے کہ حق پرست نمائندے بلاتفریق رنگ، نسل، زبان اور مذہب خدمت انسانی میں مصروف ہے۔

## اگر یوسف میمن ایڈووکیٹ نے ایجنسیوں سے پیسے لئے ہیں تو انہیں کٹہرے میں لایا جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔12، مارچ 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ ایجنسیوں سے رقم لینے والوں کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور رقم لینے پر یوسف میمن ایڈووکیٹ ملوث ہیں تو ان کو بھی احتساب کے کٹہرے میں لایا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاستدانوں میں تقسیم کی جانے والی رقم قوم کی امانت ہے اور اس کے لین دین میں جو افراد ملوث ہیں ان کے چہروں سے پردہ اٹھنا چاہئے اور حقائق قوم کے سامنے آنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ آئی ایس آئی کے سابق کرنل (ر) اکبر جناب الطاف حسین پر ایجنسیوں سے رقم نہ لینے کی تصدیق کی جاچکی ہے جبکہ یوسف میمن ایڈووکیٹ بھی رقم کی تقسیم کے حوالے سے جناب الطاف حسین یا کسی اور فرد کو رقم دینے سے انکار کرچکے ہیں جس سے ایم کیو ایم کے مئوقف کی سچائی ثابت ہوچکی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے عدالت عظمٰی سے مطالبہ کیا کہ کرنل (ر) اکبر اور یوسف میمن ایڈووکیٹ کے بیانات کی روشنی میں سیاستدانوں میں رقوم کی تقسیم کی مزید تحقیقات کرائی جائے اور ملک کی دولت کی ایک ایک پائی وصول کرکے واپس قومی خزانے میں جمع کرائی جائے۔

## متحدہ سوشل فورم کے وفد کی معروف اداکارہ طاہرہ واسطی کی نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت

## وفد نے مرحومہ کے صاحبزادے سے ملاقات کرکے، مرحومہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

کراچی:۔۔۔12مارچ،2012ء

متحدہ شوسل فورم کے جوائنٹ انچارج احمد سلیم صدیقی واراکین نے معروف اداکارہ طاہرہ واسطی کی نماز جنازہ اور تدفین میں شرکت کی اور مرحومہ کے صاحبزادے عدنان واسطی سے ملاقات کرکے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ وفد نے مرحومہ کے انتقال پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار بھی کیا۔ بعدازاں انہوں نے مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات سمیت سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، سلیم تاجک کا جلسہ گاہ باغ مصطفیٰ لطیف آباد کا دورہ

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کی جانب سے 28ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں جاری تیاریوں کا جائزہ

## شہر کے اہم چوراہوں، شاہراہوں سمیت مختلف مقامات پر چراغاں اور سجاوٹ

حیدرآباد۔۔۔12مارچ2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی جانب سے باغ مصطفیٰ میں ایم کیوایم کے 28ویں یوم تاسیس کے مرکزی اجتماع کے سلسلے میں ہونیوالے جلسہ عام موقع پر شہر کے مختلف علاقوں میں تیاریوں کا سلسلہ زور شور سے جاری رہے۔اس سلسلے میں حیدرآباد زون کے سیکٹرز کی جانب سے شہر کے مختلف چوہراہوں پر چراغاں اور کیمپوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اسکے علاوہ شہر بھر کی مختلف گلیوں، شاہراہوں اور اہم چوہراہوں پر ایم کیوایم کے پرچم اور بینرز لگائے گئے ہیں۔جسمیں حق پرست عوام کو جلسہ میں شرکت کی دعوت دی گئی اور بعض اہم شاہراہوں اور علاقوں، گلیوں کو تنظیمی پرچموں اور برقی قمقموں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ جبکہ بعض مقامات پر قائد تحریک الطاف حسین کی قدآور تصاویر بھی آویزاں کی گئی ہیں۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب اور سلیم تاجک نے سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین کمیٹی اور حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی کے ہمراہ جلسہ گاہ باغ مصطفیٰ لطیف آباد کا دورہ کیا اور جلسہ عام کے سلسلے میں جاری تیاریوں کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔اس موقع پرانہوں نے جلسہ عام کی تیاریوں میں مصرف ذمہ داران و کارکنان سے ملاقاتیں کرکے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین بھی پیش کیا۔ بعدازاں انہوں نے جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں کئے جانیوالے انتظامات پر اپنے اطمینان کا اظہار بھی کیا۔

## کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر میں جشن کا سماں

## تنظیمی ترانوں پر کارکنان کا والہانہ رقص، خوشی میں مٹھائی کی تقسیم

کراچی۔۔۔۔12مارچ، 2012

مہران بینک اسکینڈل کے مرکزی کردار اور سابق بینکار یونس حبیب کی جانب سے ایک مرتبہ پھر قائد تحریک جناب الطاف حسین پر ایجنسیوں سے پیسہ لینے کے الزام کو غلط قرار دیئے جانے پر کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان میں خوشی کی لہر پائی جاتی ہے۔تفصیلات کے مطابق پیر کی شب نجی ٹیلی ویژن کوانٹرویو دیتے ہوئے مہران بینک کے سابق سربراہ یونس حبیب نے ایک بار پھر اعتراف کیا ہے کہ الطاف حسین نے کسی سے پیسے نہیں لئے اور میں یوسف میمن ایڈوکیٹ نے بھی اعتراف کیا کہ اس نے الطاف حسین کو پیسے نہیں دیئے۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین پر ایجنسیوں سے پیسے لینے کے الزام کو یونس حبیب کی جانب سے غلط قرار دیئے جانے پر کراچی سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے کارکنان میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ایم کیوایم کے دفاتر میں کارکنان نے ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے حق وسچ کی فتح قرار دیا اور خوشی میں مٹھائی تقسیم کی۔ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام کے جوش وخروش کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا اور ملک بھر کے مختلف علاقوں میں کارکنان ایم کیوایم کے ترانوں پر والہانہ رقص کرکے اپنی خوشی کا اظہار کرتے رہے۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل کی درگاہ اجمیر شریف پر حاضری، جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔۔۔12مارچ،2012

حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل نے اجمیر شریف انڈیا میں حضرت خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیریؒ کی درگاہ پر حاضری دی، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ بعدازاں انہوں نے پاکستان میں امن وسلامتی، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور شہداء کی مغفرت سمیت جناب الطاف حسین کی صحتیابی اور درازی عمر کیلئے دعا بھی کی۔

## قائد تحریک الطاف حسین کا وژن ہے کہ اس ملک کے تمام طبقہ کو برابری کی بنیاد پر حقوق حاصل ہو حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لال قائد تحریک نے عمل وکردار سے یہ ثابت کیا وہ عوامی مفاد کے خاطر قربانی تو پیش کر سکتے ہیں مگر بکنے اور جھکنے والے نہیں، حق پرست ایم پی اے ہرگن داس حق پرستی کی تحریک پر شب خون مارا مگر رب کائنات نے ان لوگوں کو رسواء کیا اور ایم کیوایم کو ترقی اور کامرانی سے ہمکنار کیا رکن صوبائی اسمبلی عارف مسیح سیکٹرز اے، بی، سی، جی، ایچ اور قاسم آباد میں اقلیتوں کے اجلاسوں سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔12مارچ2012

متحدہ قومی موومنٹ عدل وانصاف کا دوسرا نام ہے جس نے ہر قوم ورنگ ونسل بلاتفریق تمام مذاہب کے حقوق کا نہ صرف خیال رکھا بلکہ تمام مذاہب وقوموں میں مساوی حقوق کی فراہمی کیلئے جدوجہد کی ان خیالات کا اظہار حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لال نے گذشتہ روز سیکٹر اے میں اقلیتوں سے میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر رکن زونل کمیٹی افتخار قائم خانی، سیکٹر اے کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے مذید کہا کہ ایم کیوایم نے پاکستان کی سیاست میں غریب ومظلوم عوام کو ایوان بالا میں بھیجے کر برابری کی بنیاد رکھی اور اسی طرح تمام مذاہب کے لوگوں کو اپنی جماعت میں نمائندگی دی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا وژن ہے کہ اس ملک کے تمام طبقہ کو برابری کی بنیاد پر حقوق حاصل ہو اور انکے وژن کے مطابق حق پرست نمائندے اور ایم کیوایم کے کارکنان اس ملک میں عدل وانصاف کے قیام کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے اس کے علاوہ حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی ہرگن داس اور عارف مسیح نے سیکٹرز بی، سی، جی، ایچ اور قاسم آباد میں اقلیتوں کے اجلاسوں سے خطاب کیا۔اس موقع پر حق پرست ایم پی اے ہرگن داس نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس ملک کے مظلوم ومحکوم عوام کو اس کا جائز حق دلوانے کی پاداش میں جلاوطنی کی زندگی بسرا کررہے ہے انہوں نے کہا کہ اس ملک کی مظلوم عوام خوش نصیب ہے کہ انکی رہبری ورہنمائی ایک ایسا شخص فرمارہا ہے جس نے ہر موقع پر اپنے عمل وکردار سے یہ ثابت کیا وہ عوامی مفاد کے خاطر قربانی تو پیش کرسکتا ہے مگر بکنے اور جھکنے والا نہیں ہے۔رکن صوبائی اسمبلی عارف مسیح نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین وہ شخصیت ہیں جنہوں نے ملک پر عوام کی حکمرانی قائم کرنے کیلئے اس ملک پر قابض قوتوں سے اعلان جنگ کی اس لئے قابض ٹولے نے پہلے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو خریدنے کی کوشش کی گئی اور جب باطل قوتوں کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل نہیں ہوئی تو انہوں نے اپنے زرخرید سیاسی رہنماوں کے ساتھ ملکر ایم کیوایم اور قائد تحریک الطاف حسین پر دہشتگرد ہونے کے الزامات لگائے اور حق پرستی کی تحریک پر شب خون مارا مگر رب کائنات نے ان لوگوں کو رسواء کیا اور ایم کیوایم کو ترقی اور کامرانی سے ہمکنار کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت جو سب کو برابری کے حقوق اور تمام مذاہب کو اپنے اپنے عقیدہ کے مطابق اپنی عبادت کرنے کی مکمل آزادی فراہم کرتی ہے۔اس لئے ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے کارکن ہونے پر فخر ہے۔

## 18 مارچ کا دن ملک کی تاریخ میں انقلاب کے آغاز کا دن ہے اس دن کی بدولت مظلوم عوام جابیر وظالم وڈیروں کی غلامی سے نجات حاصل کرسکیں گے

## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی وسیم حسین

حیدرآباد۔۔۔12 مارچ 2012

18 مارچ کا دن ملک کی تاریخ میں انقلاب کے آغاز کا دن ہے اس دن کی بدولت مظلوم عوام جابیر وظالم وڈیروں کی غلامی سے نجات حاصل کرسکیں گے۔ ان خیالات کا اظہار حق پرست رکن صوبائی اسمبلی وسیم حسین نے سیکٹر E میں منعقد ہونے والی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں جوائنٹ زونل انچارج نوید شمسی، سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان اور عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے مذید کہا کہ جب تک پاکستان میں چوہدری و وڈیرا شاہی نظام ختم نہیں ہوگا تب تک پاکستان ترقی کے راستہ پر گامزن نہیں ہوسکتا کیونکہ پاکستان بننے کے بعد ہی سے 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ ملک کے اقتدار پر قابض ہوگیا اور ملک میں موروثی سیاست نے جنم لیا جس کے تسلسل سے 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے مظلوم عوام اپنے جائز حقوق سے محروم ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے مظلوم عوام کی محرومیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے 18 مارچ 1984 کو ایم کیو ایم کی بنیاد ڈالی اور ملک کے غریب بے بس وظلوم طبقے کو ان 2 فیصد مراعات یافتہ طبقہ سے نجات دلانے کیلئے اپنی جدہ جہد کا آغاز کیا اور آج یہ تحریک ملک کے گوشے گوشے میں پھیل چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد میں 28 ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں 18 مارچ کو ہونے والا یوم تاسیس پاکستان کی مظلوم عوام کیلئے ایک سنگ میل ثابت ہوگا۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرسودہ نظام اور اسکے حامیوں کے خاتمہ خلاف آواز حق اٹھانے کی پاداش میں آج تک جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں اور مظلوموں کو ان کا حق دلانے کوشاں ہیں

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون زونل انچارج محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔12 مارچ 2012

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے سیکٹر F میں منعقد ہونے والی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں چھ دہائیوں سے فرسودہ نظام سے وابستہ عناصر نے چہرے بدل بدل کر حکمرانی کی اور پاکستان کی دھن و دولت کو اپنی جاگیر کا حصہ بنالیا۔ اس کارنر میٹنگ میں اراکین زونل کمیٹی و ایم پی اے سہیل یوسف، اقبال قریشی، ایم این اے سید طیب حسین، سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران و کارکنان اور علاقے کے عوام کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے مذید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین جن کا تعلق غریب و متوسط طبقے کے مڈل کلاس سے ہے اور انکی جدوجہد کا مقصد ملک میں 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے مظلوم عوام کی حکمرانی قائم کرنا ہے یہ جدوجہد فرد واحد کیلئے نہیں، کسی خاندان کیلئے نہیں بلکہ ملک کے 98 فیصد عوام کیلئے بلا رنگ و نسل یکساں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے فرسودہ نظام کے خاتمہ عمل میں لائے جانے کیلئے بانگ دہل مظلوموں اور دکھی انسانیت کے علمبردار ایم کیو ایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہر سطح پر آواز حق بلند کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اس فرسودہ نظام سے ہونے والے نقصانات سے عوام کو سب سے پہلے آگاہی فراہم کی اور پاکستان کے استحکام اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے رات دن کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرسودہ نظام اور اسکے حامیوں کے خلاف آواز حق اٹھانے کی پاداش میں آج تک جلاوطنی کی زندگی گزار رہے ہیں اور مظلوموں کو ان کا حق دلانے کیلئے کوشاں ہیں جس سے خوفزدہ ہوکر سازشی عناصروں نے ایم کیو ایم کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے گھناؤنے الزامات عائد کیے اور جن لوگوں نے ایم کیو ایم کے خلاف الزامات عائد کیئے انہی لوگوں نے الیکٹرونک میڈیا پر آکر انکشاف کیا کہ ایم کیو ایم پر جو بھی الزامات عائد کیئے گئے تھے وہ سب جھوٹ اور فریب پر مبنی تھے اسطرح حق بول بالا ہوا اور انکے مکروہ چہروں سے نقاب اتر گئی اور عوام کے فیصلے کی گھڑی آپہنچی ہے کہ وہ حق کے راستے پر چلنا چاہتے ہیں یہ وہ ہی راستہ ہے جسکے لیئے پاکستان وجود میں آیا۔ کارنر میٹنگ سے ارکان اسمبلی سہیل یوسف اور سید طیب حسین نے بھی خطاب کیا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کی سچائی آج ملک بھر میں تسلیم کی جارہی ہے

## باطل قوتیں جانتی ہیں الطاف حسین ہی ان کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار ہیں جوضمیر فروش نہیں حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین

## سیکٹر بی کے زیراہتمام گوشالہ میں منعقدتحریک انصاف کے عہدایداران وکارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی تقریب سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔۔۔12مارچ2012

قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کا فلسفہ ہی پاکستان کی بقاء وسلامتی کی علامت ہے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین نے سیکٹر بی کے زیراہتمام گوشالہ میں منعقدتحریک انصاف کے عہدایداران وکارکنان کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پررکن زونل کمیٹی راشد ممتاز اورسیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے مذید کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین وہ واحد شخصیت ہے جو وطن عزیز پاکستان کے مظلوم عوام کی آخری امید ہیں جواس ملک کومزید ٹوٹتا نہیں دیکھ سکتے اوراسکے استحکام وترقی میں اپنا کردارادا کرر ہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ہمارے ملک میں غیر ملکی قوتیں اس ہدتک داخل ہوچکی ہیں کہ وہ خیبر پختونخواہ سے بلوچستان اورسندھ سے پنجاب تک اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے اپنے مکروفریب کے جال بچھانے میں مصروف ہیں مگر یہ قوتیں پاکستان میں کسی سے خائف ہیں تو وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین سے ہیں وہ باطل قوتیں جانتی ہیں الطاف حسین ہی ان کی راہ میں سیسہ پلائی دیوار ہیں جوضمیر فروش نہیں اورراہ حق پر ہرقسم کی قربانی کیلئے تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کی سچائی آج ملک بھر میں تسلیم کی جارہی ہے اورآپ لوگوں کی ایم کیوایم میں شمولیت اس بات عملی ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وہ دن دورنہیں جب ملک کے کونے کونے مظلوم ومحکوم عوام کے حقیقی نمائندے منتخب ہونگے اوراس ملک پرعوام کی حکمرانی قائم ہوگی۔اس موقع پرتحریک انصاف حیدرآباد کے(صدر)علی رضا۔(نائب صدرحیدرآباد)اسامہ زوہیب معین۔(جنرل سیکٹریری حیدرآباد)جبران راجپوت۔(نائب صدرڈویژن حیدرآباد)عمران جاتوئی۔(سینئر نائب صدرحیدرآباد)یاورعلی۔شامل تھے اورانہوں نے کہا کہ ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کے فلسفہ حق پرستی سے متاثر ہوکرمتحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرتے ہیں اورآئندہ متحدہ قومی موومنٹ میں کارکن بنکر کام کریں گےاورمظلوم ومحروم عوام کی بقا کی جنگ میں ہم قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کے ساتھ ہیں۔

## جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کے مطابق حق پرست نمائندوں نے عوامی خدمت کوہمیشہ ترجیح دی ہے،فہیم احمدالطافی

میرپورخاص۔۔۔۔12مارچ، 2012ء

حق پرست عوامی نمائندوں نے خدمت کی نئی مثالیں قائم کی ہیں،ان خیالات کا اظہار حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمدالطافی نے یوسی دولت پورمیں بلیک ٹاپ روڈ کے تعمیراتی کام کا جائزہ لیتے ہوئے کیا،اس موقع پرزونل ممبر شفیق احمد بھی انکے ہمراہ موجود تھے۔اس موقع پرعلاقائی معززین سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ کے مطابق حق پرست نمائندوں نے بلاتفریق عوامی خدمت کوہمیشہ ترجیح دی ہے جسکی وجہ سے نہ صرف کراچی بلکہ سندھ میں جہاں جہاں حق پرست نمائندے منتخب ہوئے ہیں ان علاقوں میں تعمیروترقی کی نئی مثالیں قائم ہوئی ہیں اورلوگوں کوتعلیم،صحت اورآمدورفت کی بہترین سہولیات میسرآئیں ہیں اورانشااللہ حق پرست نمائندے جناب الطاف حسین کے وژن کے عین مطابق عوامی خدمات میں پیش پیش رہیں گے۔

## حق پرست رکن صوبائی اسمبلی ومیرپورخاص زونل کمیٹی کا شہید کارکن کے چھوٹے بھائی کے انتقال پراظہارتعزیت

میرپورخاص۔۔۔۔12مارچ، 2012ء

حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمدالطافی،ایم کیوایم میرپورخاص کے زونل انچارج عظیم دانش واراکین کمیٹی نے ایم کیوایم کے شہید کارکن محمدافضل کے چھوٹے بھائی کے انتقال پرگہرے دکھ ودلی رنج وغم کا اظہار کیا۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلی مقام اورلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔دریں اثناء مرحوم کی نمازجنازہ وتدفین میں حق پرست رکن صوبائی اسمبلی،جوائنٹ زونل انچارج واراکین کمیٹی سمیت ایم کیوایم کے کارکنوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## حق پرست صوبائی وزیر سندھ سید زبیر احمد خان اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ھیر سوہو کی شادی کی تقاریب میں شرکت

ٹھٹھہ ۔۔۔۔12 مارچ، 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد خان، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ھیر سوہو، انچارج واراکین زونل کمیٹی نے غلام محمد خشک کے چھوٹے بھائی علی رضا اور گھارو یونٹ کے جوائنٹ انچارج ماموں میر بحر کے چھوٹے بھائی یامین میر کی شادی کی تقاریب میں شرکت کی اوران کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے تحفہ ومبارکباد دی۔اس موقع پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے بھی ٹیلیفون کے زریعے مبارکباد دی۔

☆☆☆☆☆